| 2024 III 13 | 0930 | Seat. No. | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

Time : 3 Hours

**URDU LANGUAGE II**

Subject Code

| H | 4 | 4 | 2 | 5 |
|---|---|---|---|---|

**Total No. of Questions : 43** **(Printed Pages : 8)** **Maximum Marks : 80**

* مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھئے اور نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے :

ڈاکٹر شیخ عصمت جاوید 2 اگست 1922ء کو پونہ میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد عبدالباقی صوم وصلوٰۃ کے پابند تھے۔ ان کے والد کے چچا سلیم اللہ کے نام پر ان کا نام عصمت اللہ رکھا گیا۔ ڈاکٹر عصمت جاوید کی دو لڑکیاں اور ایک لڑکا ہے۔ عصمت جاوید شیخ کا رنگ گورا، قد میانہ، جسم توانہ، چہرہ بیضوی، گول مٹول شخصیت کے حامل تھے۔ چونکہ اورنگ آباد کو وطنِ ثانی بنا چکے تھے اس لحاظ سے اورنگ آباد کے لئے جو نام باعثِ فخر ہیں ان میں ان کا بھی شامل ہے۔ کباڑی پورے میں واقع ان کے دولت کدے کا نام پھول بن تھا۔ اورنگ آباد دکن کی اردو ادب کے لئے زرخیز زمین اور یہاں کی ادبی خوشبو سے معطر فضا ان کی پہلی کتاب 'فکر پیا' کی اشاعت کا سبب بنی۔

سوالات :

(1) ڈاکٹر شیخ عصمت جاوید کے والد کس کے پابند تھے ؟ 1

(2) عصمت جاوید کی کتنی اولادیں تھیں ؟ 1

(3) ان کی شخصیت کے بارے میں روشنی ڈالئے۔ 1

(4) کباڑی پورے میں واقع ان کے دولت کدے کا نام کیا تھا ؟ 1

(5) ان کی پہلی کتاب کونسی تھی ؟ 1

* مندرجہ ذیل قوسین میں سے صحیح جوابات چُن کر خالی جگہ کو بھر کر پھر سے دوبارہ لکھئے :

(6) چین رقبے کے لحاظ سے دنیا کا ------- بڑا ملک ہے۔ 1

(دوسرا۔ پہلا۔ تیسرا)

(7) بگُل بردار ایک ------ ملازم ہے۔ 1

(بڑا۔ معمولی۔ درمیانہ)

* مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات 10 تا 12 الفاظ میں لکھئے :

(8) بگل بردار کی بیوی کیوں رونے لگی ؟ 1

(9) سڑک پر کون کراہ رہا تھا ؟ 1

(10) دیوار چین کو چینی زبان میں کیا کہتے ہیں ؟ 1

(11) عبید نے حمیدہ کو کیا تحفہ دیا ؟ 1

(12) شہرِ ممنوعہ کِسے کہتے ہیں ؟ 1

* مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات مفصل لکھئے ( کوئی ایک ) : 3

(13) رکشے پر بیٹھتے وقت عبید نے سردی سے بچنے کا کیا انتظام کیا ؟

یا

(13) شہرلن شا کو چین کا ملّہ کیوں کہا جاتا ہے ؟

* مندرجہ ذیل قوسین میں سے صحیح جواب چُن کر خالی جگہ کو بھر کر مصرعہ دوبارہ لکھئے :

(14) تو وہ ہے جو ہر ایک کی ۔۔۔۔سنوار دے 1

میری مراد بھی ، مرے پروردگار دے

( لنگڑی ۔ تگڑی ۔ بگڑی )

(15) ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کا ایک لمحہ 1

ہنگاموں سے قرض لوں کہاں تک

( تنہائی ۔ رضائی ۔ صفائی )

(16) دو دن کی حیات پر عبث غرّہ ہے 1

۔۔۔۔ نہ بن، خاک کا تو ذرہ ہے

(مرید۔ خورشید۔ خرید)

* مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات 10 تا 12 الفاظ میں لکھئے :

(17) مناجات کے کیا معنی ہے ؟ 1

(18) حضرت جبرئیلؑ کی سواری کا نام کیا ہے ؟ 1

(19) تیغِ دو پیکر سے کیا مراد ہے ؟ 1

* مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :

(20) ہر بار ہوا نہ ہوگی در پر 3

ہر بار مگر اُٹھوں کہاں تک

* مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات 35 تا 40 الفاظ میں لکھئے ( کوئی ایک ) :

(21) دوسری صف میں تلوار چلنے کا اثر بیان کیجئے۔ 3

یا

(21) آپؐ کی عظمت کے آگے 'سب کی انائیں دھول' کا مطلب بیان کیجئے۔

* مندرجہ ذیل واحد الفاظ کی جمع لکھئے :

(22) آخر 1

(23) افسر 1

* مندرجہ ذیل جملوں کو صحیح کر کے دوبارہ لکھئے :

(24) وہ کئی سالوں سے ممبئی میں مقیم ہے۔ 1

(25) آپ زیادہ اسرار نہ کریں۔ 1

* مندرجہ ذیل جملوں کے زمانے پہچان کر لکھئے :

(26) عائشہ نے کیک کھایا۔ 1

(27) حذیف کی سالگرہ نومبر میں ہوگی۔ 1

* مندرجہ ذیل الفاظ کے ضد لکھئے :

(28) نشیب 1

(29) عام 1

* مندرجہ ذیل محاوروں کے معنی لکھ کر اپنے جملوں میں استعمال کیجئے :

(30) ٹس سے مس نہ ہونا۔ 2

(31) آڑے ہاتھوں لینا۔ 2

* مندرجہ ذیل سابقے/لاحقے سے نئے الفاظ بنایئے :

(32) مند : 1

* مندرجہ ذیل عبارت کوغور سے پڑھئے اور نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے :

گاندھی کا اصلی نام موہن داس تھا۔ 2 اکتوبر 1869 کو گجرات میں پوربندر کے مقام پر پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم والدہ کی نگرانی میں پوربندر میں ہوئی۔ پھر انگریزی تعلیم کے لئے راج کوٹ بھیجے گئے۔ 14 سال کی عمر میں ان کی شادی کر دی گئی۔ بیوی کا نام کستوربا تھا۔ میٹرک کا امتحان پاس کرنے کے بعد ولایت (لندن) بھیجے گئے۔ وہاں بیرسٹری کا امتحان پاس کرکے ہندوستان واپس آئے۔ وہ کانگریس میں ایک سپاہی کی حیثیت سے داخل ہوئے اور ایک زبردست قومی وملکی رہنما بن کر سیاست کے آسمان پر چمکے۔ 15 اگست 1947 کو ہندوستان آزاد ہوا اور اس آزادی کا سہرا ان کے سر بندھا۔ قوم اور ملک کی بے لوث خدمت کرنے کے سبب لوگ انہیں 'راشٹرپتا' اور 'باپو' کا خطاب ملا۔ گاندھی جی کو اچھوتوں سے بڑی ہمدردی تھی۔ انہوں نے اچھوتوں کو ہریجن کا خطاب دیا۔ ہریجن کے نام پر انہوں نے ایک اخبار بھی نکالا۔

سوالات :

(33) گاندھی جی کا اصل نام کیا تھا ؟ 1

(34) گاندھی جی نے انگریزی تعلیم کہاں حاصل کی ؟ 1

(35) گاندھی جی کو لوگوں نے کیا خطاب دیا ؟ 1

(36) گاندھی جی کو کن سے بڑی ہمدردی تھی ؟ 1

(37) ہندوستان کب آزاد ہوا ؟ 1

(38) گاہک اور درزی کے بیچ کی گئی بات چیت کو مکالمے کی صورت میں لکھئے۔ 5

(39) NSS (این.ایس.ایس) کے تحت جو پروگرام کیا آپ کی ہائر سیکنڈری اسکول میں اس کی رپورٹ تیار کیجئے۔ 5

(40) آپ کا پتا شریف/شریفہ خان۔ گھر نمبر 193۔ اسجد منزل، مڈگاؤں گوا۔ آپ کو مکان مالک سے درخواست کرنی ہے کہ وہ کرایہ کی رسید آپ کو دیں۔ 5

(41) آپ اپنے شہر کے سبزی فروش سے ملاقات کرنے (انٹرویو لینے) جا رہے ہیں۔ اس سبزی فروش کے فیملی کے پس منظر اُس کے حالات کے اور کامیابی کے راز کو معلوم کرنے کے لئے **8** سے **10** سوالات ترتیب دیجئے۔ 5

(42) آپ کا پتہ انور/انوری سیّد۔ فاطمہ منزل، گھر نمبر 78، ممبئی۔ اپنے دوست کو بہن کی شادی میں شرکت کرنے کے لئے خط لکھنا ہے۔ 5

(43) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل **250** تا **300** الفاظ کا ایک مضمون لکھئے : 10

(i) کتابوں سے دوستی

(ii) ورزش کے فائدے

(iii) دیوالی کی چھٹیاں کیسے گزاری

(iv) ساحلِ سمندر اور شام کا وقت

(v) میرا پسندیدہ کھلاڑی